**صدر مملکت آصف علی زرداری کی جانب سے بھتہ اور پرچی مافیا کے خلاف سخت ایکشن کی یقین دہانی کے بعد**
**ایم کیوایم کے سینیٹرز اورارکان قومی اسمبلی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں شرکت کریں گے۔رابطہ کمیٹی**

کراچی۔۔۔ 16 مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری کی جانب سے بھتہ اور پرچی مافیا کے خلاف سخت ایکشن کی یقین دہانی کے بعد فیصلہ کیا ہے کہ ایم کیوایم کے سینیٹرز اورارکان قومی اسمبلی ہفتہ کو پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں شرکت کریں گے۔

**ایم کیوایم پاکستان اورلندن کی رابطہ کمیٹی کامشترکہ اجلاس**
**پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں حق پرست ارکان پارلیمنٹ کے شرکت کرنے یانہ کرنے کے حوالے سے مختلف تجاویز پرغوروخوض**
**اجلاس میں حکومت سندھ کی جانب سے کراچی میں بھتہ وپرچی مافیا کے خلاف عدم کارروائی اورسندھ اسمبلی میں پیپلزپارٹی کے**
**ارکان اسمبلی کے غیرجمہوری وآمرانہ طرزعمل پر گہرے افسوس کا اظہار کیا گیا،ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کامشترکہ اجلاس جاری ہے**

کراچی۔۔۔16،مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان اورلندن کے ارکان کامشترکہ اجلاس ہوا۔اجلاس میں حکومت سندھ کی جانب سے کراچی میں بھتہ مافیا اور پرچی مافیا کے خلاف عدم کارروائی اورسندھ اسمبلی میں پیپلزپارٹی کے ارکان اسمبلی کے غیرجمہوری وآمرانہ طرزعمل پر گہرے افسوس کا اظہار کیا گیا۔اجلاس میں 17مارچ کوہونے والے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں حق پرست ارکان پارلیمنٹ کی جانب سے اجلاس میں شرکت کرنے یانہ کرنے کے حوالے سے مختلف تجاویز پرغوروخوض کیا گیا۔رابطہ کمیٹی کامشترکہ اجلاس جاری ہے۔

**بھتہ مافیا کے خلاف کسی قسم کی کارروائی نہ کئے جانے اورحکومت کے غیرسنجیدہ طرزعمل کے خلاف کل بروز ہفتہ**
**پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے صدرمملکت آصف علی زرداری کے خطاب کا احتجاجاً بائیکاٹ کیا جائے گا**
**متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان اورلندن کے مشترکہ اجلاس میں فیصلہ**
**ایم کیوایم کے تمام ترپرامن احتجاج کے باوجودوفاقی وصوبائی حکومت کی جانب سے بھتہ مافیا کے خلاف**
**کسی قسم کی کوئی کارروائی نہیں کی گئی،اس اہم معاملے پرتاحال محض غیرسنجیدہ بیانات پرہی اکتفا کیا گیا ہے**
**صدرآصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے بھی اس بارے میں کوئی مداخلت نہیں کی گئی**
**جب تک بھتہ مافیا کی سرکوبی اورتاجروں،صنعتکاروں،دکانداروں اورشہریوں کوتحفظ فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات ہوتے نظرنہیں آئیں گے،ایم کیوایم کی جانب سے ہرفورم پراحتجاج کیا جاتا رہے گا۔رابطہ کمیٹی**

کراچی۔۔۔16مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان اورلندن کامشترکہ اجلاس آج شام ہوا جس میں کراچی اورسندھ کے دیگرشہروں میں تاجروں،صنعتکاروں،دکانداروں اورعام شہریوں سے بھتہ کی وصولی کی وارداتوں کے خلاف ایم کیوایم کے پرامن احتجاج اوراس کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں اس بات کونوٹ کیا گیا کہ سندھ اورقومی اسمبلیوں کے ایوانوں کے اندراور باہرایم کیوایم کے تمام ترپرامن احتجاج کے باوجودوفاقی اورصوبائی حکومت کی جانب سے بھتہ مافیا کے خلاف کسی قسم کی کوئی کارروائی نہیں کی گئی اوراس اہم معاملے پرتاحال محض غیرسنجیدہ بیانات پرہی اکتفا کیا گیا ہے اورصدرآصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے بھی اس بارے میں کوئی مداخلت نہیں کی گئی ہے۔لہٰذاایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھتہ مافیا کے خلاف کسی قسم کی کارروائی نہ کئے جانے اورحکومت کے غیرسنجیدہ طرزعمل کودیکھتے ہوئے فیصلہ کیا ہے کہ کل بروز ہفتہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے صدرمملکت آصف علی زرداری کے خطاب کا احتجاجاً بائیکاٹ کیا جائے گا۔رابطہ کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ جب تک بھتہ مافیا کی سرکوبی اورتاجروں،صنعتکاروں،دکانداروں اورشہریوں کوبھتہ مافیا سے تحفظ فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات ہوتے نظرنہیں آئیں گے،ایم کیوایم کی جانب سے ہرفورم پراحتجاج کیا جاتا رہے گا۔رابطہ کمیٹی نے تاجر برادری اورشہریوں کوایک بارپھریقین دلایا کہ ایم کیوایم انہیں ہرگزتنہانہیں چھوڑے گی اوران کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہرقدم ان کے شانہ بشانہ رہے گی۔

## کراچی کے عوام لاوارث نہیں،،وسیم آفتاب،ڈاکٹر صغیر احمد

## جولوگ بھتہ خوروں کی سرپرستی کررہے ہیں وہ پاکستان کے ساتھ دشمنی کررہے ہیں،عبدالحسیب خان فیصل سبزواری

## جناب الطاف حسین واحد رہنماء جنھوں نے تاجروں کے دیرینہ مسئلہ پرآواز بلند کی،تاجر رہنما

## کراچی میں بھتہ وپرچی مافیااوراسٹریٹ کرائمنر کیخلاف سندھ اسمبلی کے باہرایم کیوایم کے احتجاجی مظاہرے کے موقع پرمیڈیا سے گفتگو

کراچی:۔۔۔16مارچ،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی،صوبائی اسمبلی کے ارکان نے کراچی میں بھتہ مافیاو پرچی مافیااوراسٹریٹ کرائمنر کی بڑھتی ہوئی مسلسل وارداتوں کیخلاف جمعہ کے روز قومی وصوبائی اسمبلیوں کے اندراور باہربھرپوراحتجاج کیااورتاجر برادری سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔اس سلسلے میں سندھ اسمبلی کے باہر ہونے والے احتجاجی مظاہرے میں تاجر برادری سے تعلق رکھنے والے صنعتکاروں،تاجروں،مختلف ایسوسی ایشنوں کے عہدیداران کے علاوہ شہریوں نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم آفتاب،توصیف خانزادہ،رضاہارون،ڈاکٹر صغیر احمداورسلیم تاجک کے علاوہ حق پرست وزراء،اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،ایم کیوایم کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھیں۔مظاہرین نے بینرزاور پلے کارڑ اٹھار کھے تھےجن پر بھتہ مافیااور پرچی مافیا کی جانب سے تاجروں کودی جانے والی دھمکیوں کے خلاف مذمتی کلمات اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے مطالبات تحریر تھے۔مظاہرین کی اکثریت نے ایم کیوایم کے پرچم اور جناب الطاف حسین کی تصاویربھی اٹھارکھی تھی۔مظاہرے کے شرکاء نے بھتہ مافیااور پرچی مافیا کیخلاف شدیدنعرے بازی کی اس موقع پرمظاہرین کا جوش وخروش قابل دیدتھا۔مظاہرے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر احمداوروسیم آفتاب نے کہا کہ کراچی کے عوام لاوارث نہیں ہیں اوران کے وارث موجود ہیں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان تاجر برادری سمیت شہریوں سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اوراپنا احتجاج اس وقت تک جاری رکھیں گے جب تک بھتہ مافیااوران کے سرپرستوں کیخلاف عملی اقدامات نہیں جاتے۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے شہری اچھی طرح جانتے ہیں کہ سانحہ شیرشاہ اوررمضان المبارک کے مہینے میں لوٹ مار،بھتہ خوری وقتل وغارت کے واقعات میں کون عناصرملوث ہیں۔اس موقع پرکراچی کے تاجر برادری ے تعلق رکھنے والے مختلف ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے میڈیا سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ آج ایم کیوایم کی جانب سے شہر میں بھتہ مافیا کی جانب تاجروں،صنعتکاروں،دکانداروں کوبھیجی جانیوالی پرچیوں اورسنگین نتائج کی دھمکیوں کیخلاف احتجاج کیا گیا جس پرہم انکے بے حد مشکور ہیں۔قائدتحریک جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جنھوں نے کراچی کی تاجر برادری پرڈھائے جانے والے مظالم کے خلاف آواز بلند کی۔احتجاجی مظاہرے کے موقع پرمیڈیا سے گفتگوکرتے ہوئےحق پرست سینیٹرز عبد الحسیب اورسندھ اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی وحق پرست صوبائی وزیرفیصل سبزواری نے کہا کہ پچھلے دومہینے میں کراچی میں بھتہ خوروں کا راج قائم ہوگیا ہےاور بھتہ مافیا کی جانب سے پرچیاں آتی ہیں اور بھتہ نہ دینے پرتاجروں اورشہریوں کوقتل کرنے کی دھمکیاں دی جاتیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی کےعوام کے ساتھ زیادتی کی جارہی ہے کراچی ملک کے دیگر صوبوں کے شہروں سے کہیں بڑا معاشی شہر ہے جوسب سے زیادہ وفاق کوریونیودیتا ہےاور یہاں پربھتہ خوری کے واقعات آئے دن عام ہورہے ہیں جوکہ حکومت کیلئے لمحہ فکریہ سے کم نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ جولوگ بھتہ خوروں کی سرپرستی کررہے ہیں وہ پاکستان کے ساتھ دشمنی کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جاگیرداروں، وڈیروں نے شہر میں اپنی اجارہ داری قائم رکھی ہوئی ہے،شہر میں بھتہ خوردندناتے گھوم رہے ہیں لیکن ان کے کیخلاف کوئی کارروائی نہیں کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ شہر کیخلاف سازش کرنے والے اپنی سازشوں سے بازآجائیں ورنہ ایم کیوایم آئینی،قانونی اورجمہوری طریقے کےمطابق اپنا احتجاج ملک گیر کی سطح پرریکارڈ کرائے گی۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین واحد رہنماء جنھوں نے تاجروں کے دیرینہ مسئلہ پرآواز بلند کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ نے پیپلز پارٹی کے ارکان اسمبلی کے جانبدارانہ طرزعمل کے خلاف کل سندھ بھر میں پرامن یوم احتجاج منانے کا اعلان کردیا

### سندھ کے تاجر، صنعتکار، دکاندار، ٹرانسپورٹ برادری اور عوام پرامن احتجاج میں بھرپور شرکت کریں، رابطہ کمیٹی کی اپیل

### عوام، پیپلز پارٹی کے جاگیردارانہ طرزعمل کے خلاف رضاکارانہ طور پر اپنی کاروباری وتجارتی سرگرمیاں معطل رکھیں

### پیپلز پارٹی کی جانب سے نہ صرف کراچی کی تاجر برادری کو بھتہ مافیا سے نجات دلانے کی یقین دہانی نہیں کرائی گئی

### ایوان میں حق پرست ارکان اسمبلی کو بھتہ مافیا کے خلاف بات کرنے سے روکا گیا اور ان کے مائیک بند کردیئے گئے

کراچی۔۔۔16، مارچ 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ نے سندھ اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے ارکان اسمبلی کے جانبدارانہ طرزعمل کے خلاف کل بروز ہفتہ کو سندھ بھر میں پرامن یوم احتجاج منانے کا اعلان کیا ہے۔ جمعہ کی دوپہر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی لندن اور پاکستان کے ارکان کے مشترکہ اجلاس کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ جمعہ کے روز حق پرست ارکان سندھ اسمبلی اپنا جمہوری حق استعمال کرتے ہوئے بھتہ مافیا اور پرچی مافیا کے ظلم کا شکار تاجر برادری کے حقوق کی آواز بلند کررہے تھے لیکن پیپلز پارٹی کے وزراء اور ارکان اسمبلی کی جانب سے نہ صرف کراچی کی تاجر برادری کو بھتہ مافیا سے نجات دلانے اور بھتہ خوروں کے خلاف قانونی کارروائی کی یقین دہانی نہیں کرائی گئی بلکہ ان کی جانب سے ایوان میں حق پرست ارکان اسمبلی کے مائیک بند کردیئے گئے، آمرانہ ذہنیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے حق پرست ارکان اسمبلی کو بھتہ مافیا اور پرچی مافیا کے خلاف بات کرنے سے روکا گیا اور ایوان کی لائٹ بند کردی گئی جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم، پیپلز پارٹی کے غیر جمہوری طرزعمل پر ہرگز خاموش نہیں رہے گی اور سندھ اسمبلی میں موجود جاگیرداروں اور وڈیروں کی آمرانہ ذہنیت کے خلاف کل بروز ہفتہ کو سندھ بھر میں پرامن یوم احتجاج منائے گی۔ رابطہ کمیٹی نے سندھ بھر کے تاجروں، صنعتکاروں، دکانداروں، ٹرانسپورٹ برادری اور عوام سے اپیل کی کہ وہ کل بروز ہفتہ کو متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے پرامن احتجاج میں بھرپور شرکت کریں اور پیپلز پارٹی کے جاگیردارانہ طرزعمل کے خلاف رضاکارانہ طور پر اپنی کاروباری، تجارتی اور تعلیمی سرگرمیاں معطل کرکے بھتہ مافیا کے ظلم کا شکار تاجر برادری سے یکجہتی کا مظاہرہ کریں۔

## کراچی مہاجر صوبہ وال چاکنگ اور نعروں سے متحدہ قومی موومنٹ قطعی کو تعلق نہیں، ڈاکٹر فاروق ستار

### اردو بولنے اور سندھی بولنے والوں کا اشتراک عمل مضبوط پاکستان کی ضمانت ہے

### مہران آرٹس کونسل میں سندھ اتحاد کانفرنس سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔(نمائندہ خصوصی)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر و وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کہا ہے کہ اردو بولنے والے سندھیوں سے زیادہ سندھ سے محبت اور مخلص سندھی ہیں جنہوں نے دل سے خود کو سندھی کہلوانا قبول کیا، اردو بولنے اور سندھی بولنے والوں کا اشتراک عمل مضبوط پاکستان کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے نہیں ہوتے تو آج کوئی اردو بولنے والا سندھی نہیں ہوتا، قائد تحریک الطاف حسین نے کبھی بھی سندھ کے مفاد و مسائل کا سودا نہیں کیا، کراچی کی چند دیواروں پر جہاں مہاجر صوبہ بنانے کی بات لکھی ہے وہاں متحدہ قومی موومنٹ مکمل اعلان لاتعلقی کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم حیدرآباد زون کے زیراہتمام مہران آرٹس کونسل حیدرآباد میں سندھ اتحاد کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کے دوران کیا۔ کانفرنس میں صوبہ سندھ کے دانشوروں، ادیبوں، شعراء، ڈاکٹرز، انجینئرز، پروفیسرز، اساتذا، صنعتکاروں، تاجروں، ممتاز عالم دین اور طلبہ و طالبات کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے سینئر رہنماء عامر خان، سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن غازی صلاح الدین، سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی، حیدرآباد زونل کمیٹی کے انچارج محمد شریف خان و اراکین زونل کمیٹی کے علاوہ دیگر ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔ کانفرنس سے جسقم کے چیئرمین عبدالواحد آریسر، ارباب نیک محمد، ڈاکٹر کرم رسمانی، حسین بخش ناریجو، دالشاد بھٹو، ڈاکٹر طاہر راجپوت، پروفیسر فرزند شاہ اور رکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی نے بھی مختصراً خطاب کیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ سندھ کے مظلوموں کے درمیان یکجہتی سندھ کے مستقل باشندوں کے تعلق کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے قائم کرنا جناب الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ کا اولین نصب العین ہے اور جناب الطاف حسین نے سندھ کے مفاد و مسئلہ پر کوئی سودا نہیں کیا بلکہ سندھ کی خودمختاری کیلئے عملی جدوجہد کی ہے۔ انہوں نے نام نہاد قوم پرستوں کو چیلنج کرتے ہوئے کہا کہ جو لوگ

اردو بولنے والوں کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ سندھی بن جائیں لیکن انہوں نے اردو بولنے والوں کو کبھی اپنایا نہیں لیکن اتنا ضرور ہے کہ اگر الطاف حسین نہیں ہوتے تو ایک بھی اردو بولنے والا سندھی نہیں ہوتا، ایم کیو ایم نے کبھی سندھ کی تقسیم کی بات نہیں کی بلکہ سندھ کی تقسیم کی مخالفت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں سندھ کی یکجہتی اور اس کے اتحاد کی طاقت کا اندازا نہیں ہم چھوٹے چھوٹے مسئلوں میں الجھے ہوئے ہیں ایک بار ہم آپس میں گلے لگے تو سندھ مضبوط سے مضبوط تر ہوگا اور سندھ مضبوط ہوگا تو پاکستان مضبوط ہوگا ۔انہوں نے کہا کہ تین منصوبے پر عمل کیا جائے تو تمام مسائل حل ہو جائینگے کراچی بندرگاہ، سیلز ٹیکس کی وصولی کا اختیار سندھ کو دیا جائے اور گورگل کا منصوبے پر عمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 18 ویں ترمیم میں اختیار ہو تو صوبوں کو لیکن اقتدار منتقل نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ آج جو صورتحال بلوچستان کی اس پر ہمارا اتحاد مزید مضبوط ہو جانے چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ مضبوط مرکز کبھی مضبوط پاکستان کی ضمانت ثابت نہیں ہوا مضبوط صوبے ہی مضبوط پاکستان کی ضمانت ثابت ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ صرف نام نہاد قوم پرستوں کا پروپگنڈہ ہے کہ کراچی کی ملٹی نیشنل کمپنیوں میں سندھ کے ڈومیسائل رکھنے والوں کو ملازمتیں نہیں دی جارہی ہم سندھ کو وہاں دیکھنا چاہتے ہیں جہاں جی ایم سید نے پہنچایا تھا۔ سندھ اسمبلی نے سب سے پہلے پاکستان کی قرار دار منظور کی تھی کہ سندھ پاکستان کا مالی دارالخلافہ ہے۔ 18 مارچ ایم کیو ایم 28 ویں یوم تاسیس کا جلسہ سندھ میں کرنا کا مقصد سندھ کے عوام کو اونرشپ دینے کے مترادف ہے جس کے بعد ہمیں کسی کے سرٹیفکٹ کی ضرورت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وژن اور پروگرام کوئی نہیں ہے لیکن 65 سالوں سے سندھ کے عوام کو خواب دیکھائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 18 مارچ کو قوم پرستوں کا علم قائد تحریک اطلاف حسین اور ایم کیو ایم کے پاس آنے والا ہے۔ ہم آئندہ الیکشن سے پہلے بلوچستان کا مسئلہ حل کرنے مطالبہ کریں گے الطاف حسین بھی خواتین کے جلسے میں کہہ چکے ہیں کہ بلوچستان کے حوالے سے ہمیں کڑوے گھونٹ پینے پڑے گے، آج حقیقت یہ ہے کہ بلوچستان جزوی طور پر ہم سے علیحدہ ہو چکا ہے۔ وڈیروں جاگیرداروں اور سرمایہ داروں کی انا نے پاکستان کو دولخت کردیا تھا۔ **جسقم کے چیئرمین عبدالواحد آریسر** نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے لوگوں میں شعور پیدا کیا ایم کیو ایم نے غریب لوگوں کو جنہوں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ وہ کبھی سینٹ، قومی یا صوبائی اسمبلی کا رکن بن سکتا ہے لیکن اس جماعت نے غریب متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والوں ایوانوں میں بھیج کر تبدلی لائی **معروف قوم پرست رہنماء دلشاد بھٹو** نے کہا کہ سندھ کے سچے سپورت قائد تحریک الطاف حسین بھائی ہیں اور اگر ہم آپس میں ملکر نہیں چلیں گے تو ایک وقت آئے گا جب ہم دونوں ہی نہیں ہونگے، کہا جاتا ہے کہ اردو بولنے والوں کو سمندر میں پھنک دینگے یہ باتیں سندھی اور اردو بولنے والوں میں نفرتیں پھیلانے کے مترادف ہیں۔۔ **حسین بخش ناریجو** نے کہا کہ ہمارے آباؤ اجداد نے پاکستان اس لئے بنایا تھا کہ اور جانوں کی قربانیاں دی تھی کہ یہاں ان کے بچوں اور نسلیں آزادی کی زندگی گزاریں اس لئے قربانی نہیں دی تھی کہ ہمارے بچے تعلیم حاصل نہیں کرسکیں بے روزگاری ان کا مقدر بنے بنیادی ضروریات سے محروم رہیں۔ **ڈاکٹر طاہر راجپورت** نے کہا کہ ایم کیو ایم ایک پریٹیکل پارٹی ہے جس میں تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگ شامل ہیں ایم کیو ایم کے تحت ''سندھ اتحاد کانفرنس'' کا انعقاد خوش آئند ہے جس کے دوررس نتائج سامنے آئیں گے، ہمیں میرٹ کو اولیت دینی ہوگی ہم ملکر سندھ اور سندھ کے تعلیمی اداروں کو بہتر بنا سکتے ہیں تمام لوگوں کو اس میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ڈرائیونگ سیٹ پر ایسے لوگوں کو لانا ہوگا جو ہمارے بہتر طریقے سے رہنمائی کرسکیں۔ انہوں نے تعلیمی ادارے تعلیم نہیں دیتے بلکہ یہ بہترین تربیت گاہ ہوتے ہیں جہاں سے تربیت حاصل کر کے ہم ملک وقوم کی بہتر طریقے سے خدمت کرسکتے ہیں۔ **ڈاکٹر کرم رستمانی** نے کہا کہ 1940ء قرارداد کو تبدیل کیا جو جی ایم سید نے پیش کی تھی، آج بولا جارہا ہے سندھی اور بلوچی وفادار اور اردو بولنے غدار ہیں سیلاب آیا تو لاکھوں سندھی کراچی پہنچے ان میں کچھ تو واپس آگئے لیکن آج بھی لاکھوں سندھی کراچی میں اردو بولنے کے ساتھ خوشحال زندگی گزارر ہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ پورے ملک کے بجٹ میں 75 فیصد ریونیو دیتا ہے پھر بھی سندھ کو تسلیم نہیں کیا جاتا سندھ ودریا پر 32 ڈیم تعمیر کیے جارہے ہیں سندھ کے قوم پرست خاموش ہیں۔ اانہوں نے کہا کہ کراچی کی دیواروں پر مہاجر صوبے کا نعرے اردو بولنے والوں نے نہیں بلکہ سندھ دشمن قوتوں نے لگایا، الطاف حسین سندھ دھرتی کا بیٹا ہے، جی ایم سید عظیم ہے، الطاف حسین عظیم ہیں لیکن سب سے عظیم سندھ دھرتی ہے جو اس دھرتی کو نقصان پہنچائیگا وہ ہمارا دشمن ہے، اردو بولنے والے ہمارے بھائی ہیں۔ **ارباب نیک محمد** نے کہا کہ ہمارے زہنوں میں کافی حد تک بدبودار سوچیں ہیں ایک نقطے پر اتنا بڑے مسئلہ حل ہوسکتا ہے کہ اردو زبان کی جنم کونڈی سندھ ہے اردو بولنے حقیقی معنوں میں سندھ النسل ہیں۔ یہ قسمت کا کھیل ہے کہ جہاں جس کا دانا لکھا ہوگا وہ وہاں پہنچ جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ جب آئی آئی چندریگر پاکستان کا وزیر اعظم ہوسکتا ہے تو پھر ڈاکٹر فاروق ستار بھی پاکستان کا وزیر اعظم ہوسکتا ہے۔ صنعتی وزرعی سوسائٹیوں کو قریب لایا جائے اور اب ان کے آپس میں ملاپ کا وقت آگیا ہے جس سے ذہنوں میں محبتیں بڑھیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم آج گلوت کے قریب پہنچ رہی ہے جس کی ہم الطاف حسین کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ رکن رابطہ کمیٹی **اشفاق منگی** نے کہا کہ سندھ دشمن کا جو بھی منصوبہ ہے چاہے وہ کالاباغ ڈیم یا کاروکاری مسئلہ ہو قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ ان کی مخالفت کی اور سندھ کے عوام کا ساتھ دیا۔ انہوں نے کہا کہ الطاف حسین نے سندھ کی بات کی ہے اور سندھ خوشحال ہوگا تو پاکستان مضبوط ہوگا۔ جو لوگ شاہی سید اور رائے ونڈ میں نواز شریف سے ہاتھ ملنے کی بات کرتے ہیں وہ سندھ دھرتی کے سپوت الطاف حسین کی مخالفت کرکے سندھ دشمنی کا ثبوت دے رہے ہیں۔

## ایم کیو ایم کا 28واں یوم تاسیس 18 مارچ کو ملک بھر میں جوش وخروش س منایا جائے گا

## یوم تاسیس کا مرکزی جلسہ عام حیدرآباد کے ''باغ مصطفیٰ'' میں منعقد ہوگا، جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے

## حیدرآباد اور لطیف آباد کے چوک، شاہراہوں، عمارتوں کو برقی قمقموں اور جھالروں سے دلہن کی طرح سجادیا گیا

## جلسہ عام آنے والے تمام راستوں پر درجنوں استقبالیہ کیمپس قائم، ایم کیو ایم کے کارکنان میں زبردست جوش وخروش

## جگہ جگہ ایم کیو ایم کے سہ رنگی پرچموں کی بہار اور جناب الطاف حسین کی دیدہ زیب تصاویر نے سجاوٹ کو مزید دوبالا کردیا

## رابطہ کمیٹی کے ارکان کا جلسہ گاہ کا دورہ، انتظامات میں مصروف کارکنان کی رہنمائی کی اور جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا

## جلسہ عام کی کامیابی سندھ کے مستقل باشندوں کے اتحاد، پیار، محبت اور یگانگت میں فروغ کا باعث بنے گی، رابطہ کمیٹی کی کارکنان سے گفتگو

حیدرآباد۔۔۔16، مارچ 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام ایم کیو ایم کا 28واں یوم تاسیس 18 مارچ بروز اتوار کو ملک بھر میں منایا جائے گا جبکہ یوم تاسیس کا مرکزی جلسہ عام حیدرآباد کے ''باغ مصطفیٰ'' میں منعقد ہوگا جس سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے تاریخی ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ یوم تاسیس کے سلسلے میں ملک بھر میں ایم کیو ایم کے کارکنان میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے اور اس حوالے سے ایم کیو ایم کے دفاتر کے تحت مختلف تقاریب کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ حیدرآباد کے باغ مصطفیٰ میں ایم کیو ایم کے یوم تاسیس کے جلسہ عام کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اس سلسلے میں حیدرآباد اور لطیف آباد کے حیدر چوک، گھاڑی کھاتہ چوک، گول بلڈنگ چوک، لیبارٹری چوک، اللہ والا چوک، فقیر کا پڑ چوک، پاکستان چوک، پولہری چوک، بورحافظ چوک، آٹھ نمبر چوک، ساتھ نمبر چوک، پونے ساتھ نمبر چوک سمیت اہم شاہراہوں عمارتوں کو برقی قمقموں اور جھالروں سے دلہن کی طرح سجایا گیا ہے جبکہ جلسہ گاہ آنے والے راستوں کی گزرگاہوں پر ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے مختلف سیکٹرز کی جانب سے درجنوں استقبالیہ کیمپ قائم کئے گئے ہیں جہاں ایم کیو ایم کے تنظیمی ترانے اور نغمے بجائے جارہے ہیں اور ان کی دھنوں پر کارکنان وعوام والہانہ رقص کررہے ہیں۔ یوم تاسیس کے موقع پر حیدرآباد زون کی جانب سے کی گئی سجاوٹ عوام کی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے اور جگہ جگہ ایم کیو ایم کے سہ رنگی پرچموں کی بہار اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی دیدہ زیب تصاویر کے پورٹریٹ یوم تاسیس کے سلسلے میں کی گئی سجاوٹ کو مزید دوبالا کررہے ہیں۔ حیدرآباد میں ایم کیو ایم کے یوم تاسیس کے سلسلے ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے تحت مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا گیا جن میں عوام و کارکنان اور خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست ارکان اسمبلی نے ''باغ مصطفیٰ'' کا دورہ کرکے یوم تاسیس کے مرکزی جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لیا اور اس سلسلے میں کارکنان کی رہنمائی کی۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے گراؤنڈ میں اسٹیج کی جگہ کا تعین کیا ور جلسہ عام کے انتظامات میں مصروف کارکنان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر جلسہ عام کے انتظامات میں مصروف کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایم کیو ایم کے یوم تاسیس کے مرکزی جلسہ عام کا انعقاد اس مرتبہ حیدرآباد شہر میں کیا جارہا ہے جو حیدرآباد شہر اور اس کے عوام سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی والہانہ محبت اور اعتماد کو ظاہر کرتا ہے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ حیدرآباد میں یوم تاسیس کا جلسہ عام انشاءاللہ تعالیٰ کامیابیوں کے ریکارڈ توڑ دے گا اور اس جلسہ عام کی کامیابی سندھ کے مستقل باشندوں کے اتحاد، پیار، محبت اور یگانگت میں نہ صرف فروغ کا باعث بنے گی بلکہ ان سازشی عناصر کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگی جو سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان دوریاں اور نفرتیں پیدا کرنے کی ناپاک سازشوں میں ملوث ہیں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے زیراہتمام باغ مصطفیٰ حیدرآباد میں فیلڈ اسپتال جاری ہے

حیدرآباد۔۔۔15، مارچ 2012ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے زیراہتمام باغ مصطفیٰ حیدرآباد میں فیلڈ اسپتال جاری ہے۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز بھی فیلڈ اسپتال میں سینکڑوں مریضوں کا معائنہ کیا گیا اور انہیں بھاری مالیت کی ادویات کی فراہمی کے علاوہ ہیپاٹائٹس، اسکریننگ، ای سی جی، الٹراساؤنڈ اور لیب ٹیسٹ کی سہولت بھی فراہم کی گئی۔ فیلڈ اسپتال میں عورتوں، بچوں، نوجوانوں اور بزرگوں کا زبردست ہجوم دکھائی دیا۔ متحدہ سوشل فورم کے رکن غازی صلاح الدین نے فیلڈ اسپتال کا دورہ کیا اور مریضوں کو علاج ومعالجہ کی فراہمی کا جائزہ لیا اور دکھی انسانیت کی خدمت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں اور ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی وہ واحد سیاسی جماعت ہے جو پاکستان کو دنیا کے ترقی یافتہ مما لک میں شامل کرنے کیلئے جدو جہد کررہی ہے، یوسف شاہوانی

## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے مظلوم ومحکوم عوام کوان کا جائز حقوق دلانے کیلئے ایم کیوایم کی بنیاد رکھی ،ظفر خان

## سیکٹر B کے مختلف یونٹس میں پرچم کشائی کی تقریب اور کارنر میٹنگ سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔16مارچ2012

متحدہ قومی موومنٹ کے رکن رابطہ کمیٹی یوسف شہوانی نے کہا کہ پاکستان کی معاشی بدحالی اور ترقی کے میدان پیچھے رہ جانے کی اصل وجہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے جس کے تسلسل سے ملک معاشی بدحالی کا شکار ہے اور عوام مہنگائی ، بے روزگاری، بھوک وافلاس کی زندگی گزار رہی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے 28واں یوم تاسیس کے سلسلے میں حیدرآباد میں سیکٹر B کے مختلف یونٹس میں پرچم کشائی کی تقریب اور کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن ظفر خان ایم کیوایم حیدرآباد اراکین زونل کمیٹی سیکٹر و یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان اور عوام کی کثیر تعداد میں موجود تھی۔انہوں نے مذید کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی وہ واحد سیاسی جماعت ہے جو پاکستان کو دنیا کے ترقی یافتہ مما لک میں شامل کرنے کیلئے جدو جہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ صدی انفارمیشن ٹیکنالوجی کمپیوٹر، الیکٹرانکس اور تیز رفتار صنعتی ترقی کی صدی ہے اور ہمیں دنیا کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلنے اور عوام کو خوشحالی کی طرف گامزن کرنے کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ پر عمل پیرا ہوکر اس ملک سے فرسود جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست کا خاتمہ کرنا ہوگا۔اس موقع پر رکن سندھ تنظیمی کمیٹی ظفر خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے اس ملک کے 98غریب ومتوسط طبقے کے ساتھ ہونے والی ظلم وناانصافوں کے خلاف اور مظلوم ومحکوم عوام کوان کا جائز حقوق دلانے کیلئے ایم کیوایم کی بنیاد رکھی ۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کی بدولت حق پرست قیادت نے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کئے اور عوامی خدمت سے دنیا میں ایک نئی تاریخ رقم کی ہے جس کی مثال ملک کی 64 سالہ تاریخ میں نہیں ملتی ہے اور اب وہ دن دور نہیں جب اس ملک میں مظلوم عوام کی حکومت قائم ہوگی۔

## ایم کیوایم کا28واں یومِ تاسیس حیدرآباد میں جوش وخروش

## یومِ تاسیس کوتاریخی بنانے کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے سیاسی،سماجی،ادبی،ثقافتی،طبّی وجسمانی سرگرمیوں کا آغاز،عوام کی گہری دلچسپی

حیدرآباد۔۔۔(نمائندہ خصوصی)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے ایم کیوایم کے 28ویں یوم تاسیس کا مرکزی اجتماع حیدرآباد میں منعقد کرنے اور حیدرآباد شہر کا اپنا گھر قرار دینے کے اعلان کے بعد حیدرآباد میں ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان اور حق پرست عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور ان میں زبردست جوش وخروش دیکھنے میں آرہا ہے۔ لطیف آباد کے وسیع وعریض باغِ مصطفیٰ میں 28یومِ تاسیس کی تاریخ ساز تیاریوں کا سلسلہ زور وشور سے جاری ہے۔حیدرآباد میں 28ویں یومِ تاسیس کوتاریخی بنانے کیلئے ایم کیوایم حیدرآباد زون کی جانب سے سیاسی، ادبی، ثقافتی، طبّی اور نوجوانوں کی ذہنی وجسمانی نشونما کی سرگرمیوں کا خصوصی اہتمام کیا گیا ہے اور اس سلسلے میں بڑے پیمانے پر مختلف پروگرام ترتیب دیئے گئے جن میں خواتین کیلئے مینا بازار، ادب کی دنیا سے تعلق رکھنے والے شعراءکرام کیلئے مشاعرہ، تقریری مقابلہ، جدید مشینری وآلات اور ہر طرح کی طبّی سہولیات سے آراستہ فیلڈ اسپتال کا قیام، قائدتحریک جناب الطاف حسین کی زندگی وعملی جدوجہد پرمبنی تصویری نمائش کا انعقاد، نوجوانوں میں غیرنصابی سرگرمیوں کواجاگر کرنے کیلئے کرکٹ ٹورنامنٹ، لوگوں میں سیاسی شعور کے فروغ اور ملکی وبین الاقوامی حالات سے آگاہی فراہم کیلئے سیمیناروں کا انعقاد، پتنگ میلہ اور تاریخی شہر حیدرآباد کی ثقافتی حیثیت کواجاگر کرنے کیلئے کلچرل شو کے علاوہ شہر بھر میں بڑے پیمانے پر عوام اجتماعات، کارنرمیٹنگز اور ریلیوں کا انعقاد کیا جارہا ہے جس میں حیدرآباد کے عوام نے گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا جبکہ سیاسی ،سماجی، ادبی ،ثقافتی ،طبّی سرگرمیوں کے علاوہ جلسہ گاہ باغِ مصطفیٰ آنے والے تمام راستوں سمیت حیدرآباد اوراس کے قرب وجوار کے تمام علاقوں لطیف آباد اور قاسم آباد میں خوبصورت چراغاں کیا گیا ہے اور تمام بلند عمارتوں، اہم شاہراہوں، چوراہوں کو برقی قمقموں، جھالروں، ایم کیوایم کے پرچموں اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر پرمبنی اسکرینیں آویزاں کرکے دلہن کی طرح سجایا دیا گیا ہے۔

## ایم کیوایم کے 28ویں یوم تاسیس کا اجتماع لاہور میں اتوار کو مسلم ٹاؤن میں واقع ایم کیوایم پنجاب ہاؤس میں ہوگا

## کارکنان یوم تاسیس کے اجتماع میں بھرپور شرکت کریں، افتخار اکبر رندھاوا

لاہور۔۔۔16مارچ2012ء

لاہور میں ایم کیوایم کے 28ویں یوم تاسیس کا اجتماع 18مارچ بروز اتوار کو مسلم ٹاؤن میں واقع ایم کیوایم پنجاب ہاؤس میں منعقد ہوگا جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔یوم تاسیس کے اجتماع کے سلسلے میں لاہور سمیت صوبہ پنجاب کے تمام اضلاع میں کارکنان میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے جبکہ ایم کیوایم پنجاب کے مختلف زونز کی جانب سے یوم تاسیس کے حوالے سے پروگرام کا انعقاد بھی کیا جارہا ہے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے پنجاب بھر کے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ یوم تاسیس کے سلسلے میں منعقدہ اجتماعات میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔

## حق پرست قیادت قائد تحریک جناب الطاف حسین کے وژن کے مطابق عوامی خدمت میں دن رات کوشاں ہے،اشفاق منگی

## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کی مظلوم عوام کی ہرفورم پر نمائندگی ،صلاح الدین

## پھلیلی تانگہ اسٹینڈ کے علاقے میں حق پرست رکن قومی اسمبلی کے فنڈ سے تعمیر ہونے خورشید بیگم گرلز ہائی اسکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب

## رکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی ،ایم کیوایم کے مرکزی رہنماء عامر خان ،ایم کیوایم حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف نے سیکٹرسی میں ایم کیوایم کے 28ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں پرچم کشائی کی

حیدرآباد۔۔۔16مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم اپنے نظریہ حقیقت وعملیت پسندی کے مطابق اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز پھلیلی تانگہ اسٹینڈ کے علاقے میں حق پرست رکن قومی اسمبلی کے فنڈ سے تعمیر ہونے خورشید بیگم گرلز ہائی اسکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں ایم کیوایم کے مرکزی رہنماء عامر خان ،ایم کیوایم حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی ،حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین سمیت سیکٹرسی کے ذمہ داران وکارکنان اورعلاقے کے معززین وعوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین بھائی کے نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی کے زریعے ہی ملک وقوم کی خدمت کی جاسکتی ہے۔قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد شخصیت جنہوں نے ملک میں دوہرے تعلیم نظام کے خلاف نہ صرف آواز بلند کی بلکہ دوہرے تعلیم نظام کے خاتمہ کیلئے عملی جدوجہد کی۔انہوں نے حق پرست نمائندوں کے فنڈ سے سرکاری درس گاہوں کو جدید درس کا بنانے کا عملی اسی جدوجہد کا نتیجہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک وقوم کی خدمت وہی لوگ کرسکتے ہیں جوغریب عوام کے مسائل سے باخوابی وقف ہواورمتحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی واحد سیاسی جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقے کی جماعت ہے اسی لئے ایم کیوایم کے عوامی نمائندے دن رات عوام کی زندگیاں بہتر سے بہتر بنانے میں مصروف عمل ہیں۔تقریب سے رکن قومی اسمبلی صلاح الدین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کی مظلوم عوام کی ہرفورم پر نمائندگی کی اورانکے مسائل کے حل میں وہ کردارادا کیا جوملک کے تمام لیڈروں کیلئے قابل تقلید ہیں۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت قائد تحریک جناب الطاف حسین کے وژن کے مطابق ملک میں تعلیم کے فروغ میں کوشاں ہیں۔بعدازیں رکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی ،ایم کیوایم کے مرکزی رہنماء عامر خان ،ایم کیوایم حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف نے سیکٹرسی میں ایم کیوایم کے 28ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں پرچم کشائی بھی کی۔

## کاشف عباسی ایک ہفتہ کے اندر دس ارب روپے کا ہرجانہ ادا کریں اور معافی مانگیں
## متحدہ قومی موومنٹ نے اے آر وائی کے اینکر پرسن کاشف عباسی کے خلاف ہرجانے کا دعویٰ دائر کردیا
## رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کے وکیل بیرسٹر فروغ نسیم نے کاشف عباسی کو قانونی نوٹس جاری کردیا ہے
## کاشف عباسی نے اصغر خان کیس کے مرکزی کرداروں کے واضح بیانات کے باوجود حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کیا
## بے بنیاد الزام تراشی کے عمل سے الطاف حسین کے کروڑوں مداحوں کی دل آزاری کی گئی

کراچی:۔۔۔16، مارچ 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ نے اے آر وائی نیوز کے اینکر پرسن کاشف عباسی کے خلاف دس ارب روپے ہرجانے کا دعویٰ دائر کردیا ہے۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کی جانب سے ان کے وکیل بیرسٹر فروغ نسیم نے کاشف عباسی کو قانونی نوٹس جاری کردیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مورخہ 5، مارچ 2012ء کو اے آر وائی نیوز کے پروگرام ''آف دی ریکارڈ'' میں مذکورہ اینکر پرسن نے اصغر خان کیس کے حوالہ سے یہ الزام عائد کیا ہے کہ ایجنسیوں سے رقوم لینے والوں میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا نام بھی شامل ہے۔ کاشف عباسی کی جانب سے اصغر خان کیس کے مرکزی کرداروں کے واضح بیانات کے باوجود حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کیا گیا اور جناب الطاف حسین کی امیج کو دانستہ خراب کرنے کی کوشش کی گئی۔ جناب الطاف حسین پاکستان کی تیسری سب سے بڑی سیاسی جماعت کے قائد ہیں جن کے پاکستان اور بیرون ملک لاکھوں کروڑوں چاہنے والے موجود ہیں۔ بار بار حقائق کے برخلاف پروگرام پیش کرنے اور بے بنیاد الزام تراشی کے عمل سے جہاں جناب الطاف حسین کی سیاسی ساکھ خراب کرنے کی کوشش کی گئی وہیں ان کے لاکھوں کروڑوں مداحوں، ایم کیوایم، اس کے رہنماؤں و کارکنوں، ووٹرز اور سپورٹرز کی بھی دل آزاری کی گئی ہے۔ متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے اے آر وائی نیوز کے اینکر پرسن کاشف عباسی کو جاری کیے گئے نوٹس میں کہا گیا ہے کہ وہ ایک ہفتہ کے اندر دس ارب روپے کا ہرجانہ ادا کریں اور معافی مانگیں بصورت دیگر ایم کیوایم ان کے خلاف قانونی کارروائی کا حق رکھتی ہے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا سوگوار کارکنان سے اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔16 مارچ، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 64 ایلڈر زونگ کے یونٹ انچارج رفیع الدین کی والدہ محترمہ زاہدہ انساء، سوسائٹی سیکٹر یونٹ 65 کے کارکن فرحان رزاق کے والد عبدالرزاق، نیو کراچی ایلڈرز ونگ سیکٹر کمیٹی کے رکن رانا عبدالبصار کے والد رانا عبدالغفار، نیو کراچی سیکٹر یونٹ A-135 ایلڈرز ونگ کے کارکن محمد صابر انصاری کے صاحبزادے عبدالرحمٰن، الیکشن سیل کے رکن صمد بھائی کے بڑے بھائی عبدالرزاق، فیڈرل بی ایریا یونٹ 153/B کے کارکن محمد وقاص کی والدہ محترمہ شہناز، اورنگی سیکٹر یونٹ 123 کے کارکن عابد حسین کے والد فدا حسین، کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن راشد رضا کی ہمشیرہ محترمہ شہناز، شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 106 کے کارکن انوار حسین کی والدہ محترمہ عقیلہ بیگم، شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 106 کے کارکن ایس ایم کامران علی کے والد محمد اختر علی، ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن محسن خان کی والدہ محترمہ رفعت نشاط، پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 56 کے کارکن احمد حسین کے والد ساجد حسین، میرپور خاص زون یونٹ 7/C کے انچارج ایاز الحسن کے چھوٹے بھائی امتیاز الحسن اور ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی بلوچستان کے ممبر انور ترین کے سسر حاجی شیر محمد ترین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆